پرنسپل جنرل ہسپتال کی زیرصدارت اکیڈمک کونسل کا ہنگامی اجلاس، پی آئی سی کے واقعہ کی پرزور مذمت

انسانی جانوں واملاک کے نقصان پر افسوس، قانون شکنی کرنے والے عناصر کے خلاف سخت کارروائی کا مطالبہ

مستقبل میں ایسے انتہائی افسوس ناک واقعات کی روک تھام کے لئے انتظامی اقدامات کو یقینی بنایا جائے: شرکاء کی حکومت سے اپیل

پی آئی سی کا سانحہ انتہائی دلخراش اور تکلیف دہ تھا جس سے انسانیت بھی شرما گئی: ایگزیکٹو ڈائریکٹر پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف نیوروسائنسز

کیمروں کی آنکھوں نے پوری قوم کو سچ دکھایا، قانون اپنا راستہ ضرور بنائے اور ذمہ داران کی مکمل سرکوبی ہونی چاہیے: پروفیسر خالد محمود

لاہور 12 دسمبر: ...... پرنسپل پوسٹ گریجوایٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ وامیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر الفرید ظفر کی زیرصدارت لاہور جنرل ہسپتال میں اکیڈمک کونسل کا ہنگامی جلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں ہونے والے افسوس ناک واقعہ کی پرزور الفاظ میں مذمت کی گئی۔ شرکاء نے انسانی جانوں اور املاک کے نقصان پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ قانون شکنی کرنے والے عناصر کے خلاف سخت کاروائی اور مستقبل میں ایسے انتہائی افسوس ناک واقعات کی روک تھام کے لئے انتظامی اقدامات کو یقینی بنایا جائے۔ اجلاس میں تمام شعبوں کے سربراہان شریک ہوئے۔ دریں اثناء پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف نیوروسائنسز کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود کا کہنا تھا کہ ڈاکٹری جیسے شعبے سے وابستہ افراد جب اپنی پیشہ وارانہ ذمہ داریاں ادا کر رہے تھے تو ان پر دھاوا بولا جانا کسی طور بھی جائز نہیں ہوسکتا۔ پی آئی سی کا سانحہ انتہائی دلخراش اور تکلیف دہ تھا جس سے انسانیت بھی شرما گئی انہوں نے کہا کہ کیمروں کی آنکھوں نے پوری قوم کو سچ دکھایا اب اس کے بعد قانون اپنا راستہ ضرور بنائے اور ذمہ داران کی مکمل سرکوبی ہونی چاہیے۔